© rasailojaraid.com



دیگر سفارتی اعلیٰ عہدیدار بھی موجود تھے۔ آپ نے مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ بعد میں آپ نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات دیکھے۔ اس موقع پر نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ' استاذ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب اور دیگر معزز اساتذہ و مہمان بھی موجود تھے۔ ظہرانے کا انتظام حضرت مولانا صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر کیا گیا ۔ اسی طرح مغربی سفارت کار بھی دارالعلوم تشریف لائے۔ ۹ جون کو ادارۃ الازہر' مصری سفارت خانے اور افغان قونصلیٹ کراچی کے اہم نمائندے بھی حضرت مولانا مدظلہ سے ملنے دارالعلوم تشریف لائے۔ اور دارالعلوم کے مختلف شعبوں میں کافی گہری دلچسپی ظاہر کی۔

<u>جیش محمد کے امیر مولانا مسعود اظہر کی دارالعلوم تشریف آوری :</u> گزشتہ دنوں معروف جہادی کمانڈر اور نئی جہادی تنظیم کے امیر مولانا مسعود اظہر اپنے رفقاء سمیت دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ آپ نے مہتمم صاحب کی رہائش گاہ پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے تفصیلی ملاقات کی۔ آپ کے ہمراہ مشہور جہادی کمانڈر محمد غفار بھی تشریف لائے تھے۔ ملاقات میں مولانا مسعود اظہر نے مقبوضہ کشمیر میں جاری جدو جہد اور دیگر اہم مسائل پر مولانا مدظلہ کو آگاہ فرمایا۔ آپ نے دارالعلوم کے ایوان شریعت ہال میں طلباء سے علم کی فضیلت کے موضوع پر تفصیلی خطاب فرمایا۔ اس موقع پر حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ بھی موجود تھے۔

<u>امریکہ کے معروف ٹی وی چینل سی بی ایس ٹیم کی دارالعلوم آمد :</u> - گزشتہ ہفتے 2 جون کو سی بی ایس چینل کے آٹھ رکنی وفد نے دارالعلوم کا معائنہ کیا۔ سی بی ایس چینل امریکہ کا اندرون ملک سب سے بڑا ٹی وی چینل ہے جو امریکہ میں سی این این سے بھی زیادہ مقبول ہے۔ انہوں نے مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے دو گھنٹوں سے زائد تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا اور دارالعلوم کے مختلف شعبوں کی ریکارڈنگ کی۔ انٹرویو کو امریکہ کے مشہور و معروف کمپیئر اور صحافی سٹیو کرافٹ (Steve Kroft) نے ریکارڈ کیا سی بی ایس کے آٹھ رکنی وفد میں پروڈیوسر لکوک برن (Lccockburn) اور اسسٹنٹ پروڈیوسر سیان گارلک (Sianne Garlick) اور دیگر اعلیٰ عہدیدار موجود تھے۔ آپ کے ہمراہ دی نیوز اسلام آباد کے نمائندہ انور اقبال صاحب بھی تشریف لائے تھے۔ مولانا مدظلہ نے امریکہ کی منافقت دوہرے معیار' عالم اسلام کے خلاف سازشوں اور خلیج اور سعودی عرب میں

© rasailojaraid.com